# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 13 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۳؍جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ نوجوانوں کی قوت کے ذریعے بھارت بہت جلد ترقی یافتہ ملک بنے گا: وزیرِ اعظم کا اظہارِ اعتماد۔

☆ مقامی خودمختار اداروں کے آئندہ انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے کے مقصد سے کام کرنے کی وزیرِ داخلہ امیت شاہ کی بی جے پی کارکنوں کو ترغیب۔

☆ ایس ٹی کارپوریشن کے بیڑے میں اس برس خود ملکیتی ڈھائی ہزار سے زائد نئی بسوں کی شمولیت۔

☆ پریاگ راج میں شاہی اِسنان کے ساتھ مہا کمبھ میلے کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن اسکولوں میں ''اِسمارٹ اسکول ٹو بیسٹ اسکول'' پروجیکٹ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ نوجوانوں کی قوت بہت جلد بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنائے گی۔ سوامی ویویکانند کی سالگرہ پر منائے جانے والے ''قومی یومِ نوجوانان'' کے حوالے سے نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں منعقدہ پروگرام میں نوجوان رہنماؤں سے وہ خطاب کررہے تھے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ بھارت کے آئندہ 25 برس کیسے ہوں گے اس کا روڈ میپ نوجوان تیار کررہے ہیں۔ سوامی ویویکانند کو نوجوانوں پر بہت زیادہ اعتماد تھا اور ہر مسئلے کا حل نوجوان ہی تلاش کریں گے یہ انھیں اعتماد تھا۔ مودی نے کہا کہ مجھے بھی اسی طرح کا اعتماد ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ بھارت اپنے تمام اہداف معینہ وقت سے قبل ہی حاصل کررہا ہے۔

*''بھارت نے ہر پریوار کو بینک اکاؤنٹ سے جوڑنے کا لکشیہ رکھا' آج بھارت کا قریب قریب ہر پریوار بینکنگ سیوا سے جڑ چکا ہے۔ بھارت نے غریب مہیلاؤں کی رسوئی کو دھوئیں سے مُکت کرنے کا سنکلپ لیا' ہم نے دس کروڑ سے اَدھک گیس کنکشن دیکر اس سنکلپ کو بھی سِدھ کیا۔ آج کتنے ہی سیکٹرس میں بھارت اپنے لکشیوں کو طئے سمئے سے بھی پہلے حاصل کرکے دکھا رہا ہے۔''*

اس موقع پر سوامی ویویکانند کو یاد کرتے ہوئے وزیرِ اعظم نے اعلان کیا کہ اس خصوص میں جو بھی تجاویز اور تصورات نوجوانوں کی جانب سے پیش کیے جائیں گے انھیں قومی پالیسی میں شامل کیا جائے گا۔ انھوں نے اپنے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ایک لاکھ نئے افراد کو سیاست میں لایا جائے گا۔

ترقی یافتہ بھارت' ینگ لیڈرز ڈائیلاگ پروگرام کا 10 جنوری سے آغاز ہوچکا ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اس ضمن میں تین ہزار نوجوان رہنماؤں سے بات چیت کی۔ علاوہ ازیں 10 عنوانات پر بہترین مضامین پر مبنی جریدے کا اجراء بھی انھوں نے کیا۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج جموں و کشمیر میں سونمرگ سرنگ کا افتتاح کریں گے۔ یہ ٹنل لیہہ کے راستے شری نگر اور سونمرگ کے درمیان ہر موسم میں بہ آسانی آمد و رفت کو یقینی بنائے گی۔ اس موقع پر وزیرِ اعظم سرنگ کے تعمیری مزدوروں سے ملاقات کر کے ان کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ تقریباً 12 کلو میٹر طویل اس سونمرگ سرنگ کی تعمیر پر 2 ہزار 700 کروڑ سے زائد روپئے صرف ہوئے ہیں۔ اس سرنگ کے ذریعے مٹی کے تودے اور چٹانیں کھسکنے والے راستوں کے متبادل کے طور پر لداخ تک محفوظ رسائی ممکن ہو سکے گی۔

***** ***** *****

اسی دوران سوامی ویویکانند کو گذشتہ روز ان کی سالگرہ پر خراجِ عقیدت پیش کیا گیا اور اسی مناسبت سے یومِ نوجوانان کے تحت مختلف پروگرام منعقد کیے گئے۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، نائب وزرائے اعلیٰ ایکناتھ شندے اور اجیت پوار نے سوامی ویویکانند کی شبیہ پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔

***** ***** *****

بی جے پی کے سر کردہ رہنماء اور مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ اسمبلی انتخابات میں عوام نے مستحکم حکومت دیکر ریاست کو عدم استحکام سے باہر نکالا ہے۔ شرڈی میں منعقدہ پردیش بی جے پی کے اجلاس سے وہ خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر انھوں نے بی جے پی کارکنوں کو تلقین کی کہ مقامی خود مختار اداروں کے آئندہ انتخابات کیلئے کچھ ایسی منصوبہ بندی کریں کہ حزبِ اختلاف ایک بھی نشست نہ حاصل کر سکے۔ شرد پوار اور اُدّھو ٹھاکرے پر سخت تنقید کرتے ہوئے امیت شاہ نے کہا کہ مہاوِکاس آگھاڑی ٹوٹنے کے قریب ہے۔

اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اعتماد ظاہر کیا کہ آئندہ تین چار ماہ میں مجوزہ لوکل باڈیز الیکشن میں بھی اسمبلی انتخابات کی طرز کے ہی نتائج حاصل کیے جائیں گے۔

مرکزی وزیر نتن گڈکری نے اس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی کا مقصد صرف حکومت بدلنا نہیں بلکہ سماج کو تبدیل کرنا ہے۔ اسمبلی انتخابات میں ریاست کی عوام نے شیوشاہی قائم کرنے کیلئے بے مثال تعاون کیا ہے اور بی جے پی اب تک کی تاریخ کے اپنے عروج پر پہنچ چکی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ حمل و نقل پرتاپ سرنائیک نے کہا ہے کہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (ایس ٹی) کے بیڑے میں اس برس ڈھائی ہزار سے زائد خود ملکیتی نئی بسیں شامل کی جا رہی ہیں اور اس کے بعد ریاست کی تمام سڑکوں پر نئی لال بسیں دوڑتی نظر آئیں گی۔ کل تھانہ میں قومی روڈ سیفٹی مہم کی افتتاحی تقریب سے وہ خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر 17 نئی گاڑیوں کا افتتاح بھی کیا گیا۔ سرنائیک نے کہا کہ صفائی کے ساتھ محفوظ سفر کو فوقیت دیتے ہوئے ٹرانسپورٹ خدمات کی مجموعی تصویر بدلنے کا منصوبہ تیار کیا جا رہا ہے اور اس کے بعد ایس ٹی کی مرحلہ وار جدید کاری کا آغاز ہوگا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

پونا میں مجوزہ عالمی مراٹھی سمّیلن میں اس بار پہلی مرتبہ شری مدبھگوت گیتا، نیانیشوری اور سنت تکارام کی گاتھا جیسی کتب پر مباحثہ ہوگا۔ یہ اعلان مراٹھی زبان کے وزیر اُدئے سامنت نے کیا۔ رتناگری میں جاری کیرتن سندھیا پروگرام میں شرکت کے بعد وہ اخبار نویسوں سے مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ مراٹھی ثقافت دنیا بھر تک پہنچانے کیلئے وِشو مراٹھی سمّیلن کا انعقاد ہوتا ہے۔ تاہم اب اس کا طریقۂ کار تبدیل کر کے مراٹھی ثقافت کو آئندہ نسل تک پہنچانے کیلئے ان کتب پر مباحثے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

پریاگ راج میں آج سے شاہی اِسنان کے ساتھ دنیا کے سب سے بڑے روحانی اجتماع مہا کمبھ کا آغاز ہوگیا۔اس میلے کا اختتام 26 فروری کو مہا شیوراتری کے دِن ہوگا۔عقیدت مندوں کو اس میلے کے دوران خالص ہوا فراہم کرنے کیلئے خصوصی جنگلاتی علاقے تیار کیے گئے ہیں۔گذشتہ دو برسوں میں شہر کے 10 مقامات پر 55 ہزار مربع میٹر پر 63 ہزار اقسام کے ایک لاکھ 20 ہزار درخت لگا کر یہ جنگل تیار کیے گئے۔

***** ***** *****

راج ماتا جیجاؤ کی 472 ویں سالگرہ پر کل انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔اس ضمن میں ان کی جائے پیدائش بلڈانہ ضلعے کے سندھ کھیڑ راجہ میں سرکاری مہا پوجا کی گئی۔اس موقع پر مرکزی وزیرِ مملکت برائے خاندانی بہبود پرتاپ راؤ جادھو موجود تھے۔
اس سلسلے میں چھترپتی سمبھا جی نگر میں ٹو وہیلر ریلی نکالی گئی۔ بیڑ شہر میں جیجا ماتا کے مجسّمے پر خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے شہری بڑی تعداد میں پہنچے۔ پربھنی میں بھی اس خصوص میں اجتماعی مہا آرتی اور دیگر پروگرام منعقد کیے گئے۔جالنہ شہر میں کُل جماعتی کمیٹی کی جانب سے جیجا ماتا جینتی منائی گئی۔اس موقع پر نکالی گئی ٹو وہیلر ریلی میں رُکنِ اسمبلی ارجن کھوتکر اور مراٹھا ریزرویشن رہنماء منوج جرانگے پاٹل بھی موجود تھے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کے مختلف اسکولوں میں فی الحال 17 ہزار سے زائد طلباء و طالبات زیرِ تعلیم ہیں۔میونسپل کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر جی شریکانت کی اختراع پر میونسپل کارپوریشن اسکولوں میں اسمارٹ اسکول ٹو بیسٹ اسکول پروجیکٹ چلایا جارہا ہے۔جس کے تحت جماعتوں میں طلبہ کے بیٹھنے کے انتظامات' اسمارٹ کلاس روم' سنتھیٹک ٹرف سمیت کھیلوں کے میدان وغیرہ کی سہولتیں مہیا کی گئی ہیں۔میونسپل کارپوریشن کے سلک ملز ابتدائی اسکول کو مرکزی حکومت نے پی ایم شری اسکول اور نارے گاؤں کے بنے واڑی کے دو اسکولوں کو ریاستی حکومت نے بابا صاحب امبیڈکر مثالی اسکول کی حیثیت سے منتخب کیا ہے۔

***** ***** *****

کھوکھو عالمی کپ ٹورنامنٹ کا آج سے نئی دہلی کے اندرا گاندھی اِنڈور اسٹیڈیم میں آغاز ہورہا ہے۔ ہندوستانی اولمپک فیڈریشن کی پہل پر منعقد ہونے والے اس ٹورنامنٹ کا یہ پہلا سال ہے۔ٹورنامنٹ میں ہندوستانی مردوں کی ٹیم کی قیادت پرتیک وائیکر اور لڑکیوں کی ٹیم کی قیادت بیڑ ضلعے کی پرینکا اِنگڑے کریں گی۔دوردرشن اسپورٹس چینل پر رات ساڑھے آٹھ بجے سے ان مقابلوں کا راست ٹیلی کاسٹ ہوگا۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ نوجوانوں کی قوت کے ذریعے بھارت بہت جلد ترقی یافتہ ملک بنے گا: وزیرِ اعظم کا اظہارِ اعتماد۔

☆ مقامی خودمختار اداروں کے آئندہ انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے کے مقصد سے کام کرنے کی وزیرِ داخلہ امیت شاہ کی بی جے پی کارکنوں کو ترغیب۔

☆ ایس ٹی کارپوریشن کے بیڑے میں اس برس خود ملکیتی ڈھائی ہزار سے زائد نئی بسوں کی شمولیت۔

☆ پریاگ راج میں شاہی اِسنان کے ساتھ مہا کمبھ میلے کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن اسکولوں میں ''اِسمارٹ اسکول ٹو بیسٹ اسکول'' پروجیکٹ۔

***** ***** *****